بچے نافرمان ہوجائیں یا جانور سرکش ہوجائے، تو یہ قرآنی آیت اس کے کان میں پڑھی جائے

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَ لَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ

ترجمہ کنزالعرفان :

کیا لوگ اللہ کے دین کے علاوہ کوئی اور دین چاہتے ہیں حالانکہ آسمانوں اور زمینوں میں جو کوئی بھی ہے وہ سب خوشی سے یا مجبوری سے اسی کی بارگاہ میں گردن جھکائے ہوئے ہیں اور سب کو اسی کی طرف لوٹایا جائے گا۔ (پارہ3، سورۃ آل عمران، آیت83)

حدیث مبارک میں ہے : قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ساء خلقه من الرقيق والدواب والصبيان، فاقرءوا في أذنيه:﴿اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ﴾ ترجمہ : نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا : جب تمہارے غلاموں، جانوروں اور بچوں میں سے کسی کا اخلاق بگڑ جائے (یعنی وہ سرکش و نافرمان ہوجائے)، تو اس کے کان میں یہ (اوپر ذکر کردہ آیت) پڑھو۔ (المعجم الاوسط، جلد1، صفحہ27، رقم الحدیث : 64، مطبوعہ قاھرۃ)(الدعوات الکبیر للبیھقی، جلد2، صفحہ264، رقم الحدیث : 615، مطبوعہ غراس للنشر والتوزیع، الکویت)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net